NEW HORIZON SCHOOL

SUPPORT MATERIAL PT-1

Session: 2018-19

Class : VI

Subject : URDU

Name :.....

Roll No :.....

Class& Sec:.....

سبق: مٹی کا دیا

سوال نمبر۱:۔مندرجہ ذیل خالی جگہ کو پر کیجیے۔

۱:۔جھٹ پٹے کت وقت۔۔۔۔۔گھر۔۔۔۔۔۔سے ایک مٹی کا دیا

۲:۔ تا کہ رہ گیر اور۔۔۔۔۔پردیسی۔۔۔۔کہیں ٹھوکر نہ کھائیں۔

۳:۔راہ سے۔۔آساں۔۔۔۔۔۔۔۔گذر جائے ہر اک چھوٹا بڑا۔

۴:روشنی سے جن کی۔۔۔۔۔ملاحوں۔۔۔۔کے بیڑے پار ہیں۔

سوال نمبر۲:۔نظم کا مرکزی خیال لکھیے:

نظم ''مٹی کا دیا'' الطاف حسین حالؔی نے لکھی ہے۔اس نظم میں شاعر نے ایک معمولی مٹی کے دیے کی اہمیت پر روشنی ڈالی ہے۔شاعر کہتا ہے کہ ایک مٹی کا دیا اس جھاڑ اور فانوس سے بہتر ہے جس کی روشنی صرف محل والوں کو فائدہ دیتی ہے اور دوسرے لوگوں تک نہیں پہنچتی ہے۔جبکہ مٹی کا دیا سب کے لیے فائدہ مند ہوتا ہے۔اس کی روشنی سے زمین اور آسمان تک کو فائدہ ہوتا ہے۔اس نظم سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہمیں ایسا کام کرنا چاہیے جس سے دوسروں کو فائدہ پہنچے۔

سوال نمبر۳:۔املا درست کیجیے:

بڑیا:۔۔بڑھیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آ صان:۔۔۔۔آسان۔۔۔۔۔۔۔۔ فانوص:۔۔۔۔۔فانوس۔۔۔۔۔

پردیصی:۔۔پردیسی۔۔۔۔۔۔ مہلوں:۔۔۔۔محلوں۔۔۔۔۔۔۔۔ بہطر:۔۔۔بہتر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

صرخ:۔۔۔سرخ۔۔۔۔۔۔

سوال نمبر۴:۔نیچے دیے گئے لفظوں کے متضاد لکھیے:۔

آ سان	۔۔۔۔۔مشکل۔۔۔۔۔۔۔۔
بہتر	۔۔۔۔بدتر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
ر وشنی	۔۔۔۔تاریکی۔۔۔۔۔۔۔۔
ا ندھیرا	۔۔۔۔۔۔اجالا۔۔۔۔۔۔

سوال:۵نظم کو اپنے الفاظ میں ایک پیراگراف لکھیے:

سوال:۶ الفاظ کے معنی لکھیے :

جھٹ پٹے کے وقت:۔۔۔۔سورج ڈوبنے کے وقت۔۔۔۔

سررہ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔راستے میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پردیسی:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مسافر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جھاڑ:۔۔۔۔۔شیشے کا بنا شمع دان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سدا:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہمیشہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سرخ رو:۔۔۔۔۔۔۔۔۔کامیاب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سبق: عقل مند کسان

سوال نمبر۱:۔مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔

سوال نمبر۱: راجا محل سے باہر کیوں نکلا تھا؟

جواب: راجا محل سے باھر اپنی پرجا کی دیکھ بھال کے لیے نکلا تھا۔

سوال نمبر۲:۔راجا نے کسان سے کیا سوال کیا؟

جواب: راجا نے کسان سے سوال کیا کہ تم اس کھیت سے کتنا کما لیتے ہو۔

سوال نمبر۳:۔کسان ایک روپیہ کس طرح خرچ کرتا تھا؟

جواب: کسان ایک روپیہ اس طرح خرچ کرتا کہ ایک آنے قرض دیتا، ایک آنے کا قرض ادا کرتا، ایک آنے اپنے اور اپنی بیوی پر خرچ کرتا اور ایک آنے کویں میں ڈال دیتا تھا۔

سوال۴: کسان نے ایک روپیہ کے خرچ کا کیا مطلب بتایا؟

جواب: کسان نے یہ مطلب بتایا کہ ایک آنے اپنے والدین پر خرچ کرتا ہوں، ایک آنے اپنے بچوں پر، ایک آنے اپنے کھانے پر اور ایک آنے خیرات کرتا ہوں۔

سوال:۵ کسان نے اپنا وعدہ کس طرح نبھایا؟

جواب: کسان نے اپنا وعدہ سو اشرفیوں پر راجا کا منھ دیکھ کر پورا کیا۔

سوال نمبر۲:۔الفاظ کے جملے لکھیے:

ہرا بھرا: کھیت ہرا بھرا ہے۔

قرض: میں نے قرض دیا۔

خرچ: خرچ کرو۔

ترکیب: میں نے ایک ترکیب سوچی۔

غصہ: غصہ بری چیز ہے۔

وعدہ خلافی: وعدہ خلافی مت کرو۔

سوال نمبر۳:۔مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

ا:۔پرانے زمانے میں بھارت میں ایک راجا ــــــــــ راج ــــــــــ کرتا تھا۔

۲:۔کسان اپنے۔۔۔کھیتوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پر کام کر رہا تھا۔

۳:۔۔۔۔۔سو روپیہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔روز کے حساب سے پڑ جاتا تھا۔

۴:۔۔۔۔۔۔وزیر۔۔۔۔۔۔۔اسی دن کسان کے پاس گیا۔

۵:مجھے سو۔۔۔۔۔اشرفیاں۔۔۔۔۔۔۔دو میں یہیں یہ بات بتادونگا۔

۶:کسان خود راجا کو۔۔۔۔۔دعا۔۔۔۔۔۔دیتا ہوا اپنے گھر چلا گیا۔

سوال:۴ الفاظ کے لیے متضاد لکھیے۔

رحم دل:۔۔۔بے رحم۔۔۔۔۔۔۔۔ بوڑھا:۔۔۔۔۔۔جوان۔۔۔۔۔۔۔ عزت:۔۔۔۔۔۔۔بے عزتی۔۔۔۔۔

ہوشیار:۔۔۔۔۔۔بے وقوف۔۔۔۔ خوش:۔۔۔۔ناخوش۔۔۔۔۔۔۔۔

سوال:۵ سبق کے بارے میں اپنے خیالات لکھیے:

۔۔

۔۔

۔۔

۔۔

سوال:۶ ان الفاظ کے معنی لکھیے:

راجا:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بادشاہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پرجا:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عوام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

خیرات:۔۔۔۔۔۔۔ثواب کی نیت سے کچھ دینا۔۔۔۔

قرض:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ادھار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

راز:۔۔۔۔۔۔۔۔بھید۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دربار:۔۔۔۔۔۔۔۔شاہی عدالت۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اشرفی:۔۔۔۔۔۔۔۔سونے کا سکہ۔۔۔۔۔۔۔۔

وعدہ خلافی:۔۔۔۔۔۔۔وعدہ سے پھر جانا۔۔۔۔۔۔

سبق: ایک پہاڑ اور گلہری

سوال نمبر۱:۔مندرجہ ذیل اشعار کو مکمل کیجیے:

۱:۔تجھے ہو شرم تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں جا کے ڈوب مرے۔

۲:۔خدا کی شان ہے ناچیز چیز ۔۔۔۔۔بن۔۔۔۔۔۔بیٹھیں۔

۳:تری بساط ہے کیا میری۔۔۔۔۔آن بان۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے آگے۔

۴: بھلا پہاڑ کہاں، جانور۔۔۔۔۔۔۔غریب۔۔۔۔۔۔کہاں۔

۵:۔نہیں ہے تو بھی تو آخر مری طرح ۔۔۔۔۔چھوٹا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۶:ہر اک چیز سے پیدا خدا کی۔۔۔۔۔۔۔قدرت۔۔۔۔۔۔ہے۔

۷:کوئی ۔۔۔۔برا۔۔۔۔۔۔۔۔نہیں قدرت کے کارخانے میں۔

سوال نمبر۲:۔مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع لکھیے۔

واحد	جمع
۱ :نصیب	۔۔۔۔۔نصیبوں۔۔۔۔۔۔۔۔
۲ :۔گلہری	۔۔۔۔گلہریوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔
۳ :۔خوبی	۔۔۔۔۔۔خوبیوں۔۔۔۔۔۔۔
۴ :۔غریب	۔۔۔۔۔۔۔غریبوں۔۔۔۔۔۔
۵ :درخت	۔۔۔۔۔درختوں۔۔۔۔۔۔۔۔
۶ :جانور	۔۔۔۔۔۔جانوروں۔۔۔۔۔۔۔
۷ :حکمت	۔۔۔۔۔حکمتوں۔۔۔۔۔۔۔۔

سوال نمبر۳:۔الفاظ کے متضاد لکھیے:

بے شعور:۔۔۔باشعور۔۔۔۔۔۔۔ باتمیز:۔۔۔۔۔بدتمیز۔۔۔۔۔۔۔ خوبی:۔۔۔۔خرابی۔۔۔۔۔۔۔۔

پست:۔۔۔بلند۔۔۔۔۔۔۔۔۔ زمیں:۔۔۔آسمان۔۔۔۔۔۔۔۔ غریب:۔۔۔۔امیر۔۔۔۔۔۔۔

چھوٹا:۔۔۔۔بڑا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوال:۴'الفاظ کے لیے جملے لکھیے:

شرم: مجھے شرم آتی ہے۔

غرور: غرور مت کرو۔

نصیب: سب کا نصیب اچھا ہوتا ہے۔

قدرت: خدا کی قدرت ہر چیز پر ہے۔

حکمت: خدا کی اپنی حکمت ہوتی ہے۔

طاقت: میرے اندر طاقت ہے۔

سوال:۵نظم کا مرکزی خیال لکھیے:

نظم ''ایک پہاڑ اور گلہری'' علامہ اقبال نے لکھی ہے،۔اس نظم میں شاعر نے پہاڑ اور گلہری کی آپسی گفتگو کو مکالماتی انداز میں بیان کیا ہے، پہاڑ کہتا ہے کہ میں بہت بڑا ہوں اور میرے آگے تمہاری کیا حیثیت ہے۔تم بہت چھوٹی ہو اور بہت پست بھی۔گلہری نے کہا کہ تمہارے اندر بڑے ہونے کے علاوہ کوئی خوبی نہیں ہے۔تم ہل بھی اپنی جگہ سے نہیں سکتے ہو، جبکہ میں درخت پر چڑھ سکتی ہوں۔اگر تم بڑے ہو تو یہ چھوٹا سا چھالیا ہی کاٹ کر دکھا دو۔آخر میں گلہری کہتی ہے کہ خدا کی اپنی حکمت ہے کہ اس نے کسی کو بڑا اور کسی کو چھوٹا بنایا۔یہ اس کی اپنی حکمت ہے۔

سبق: حضرت محمد

سوال نمبر۱:۔مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔

سوال نمبر۱: آپ کو ''امین'' اور ''صادق'' کیوں کہا جاتا تھا؟

جواب: آپ کو امین اور صادق اس لیے کہا جاتا تھا کیوں کہ آپ بہت ایمان دار اور سچے تھے۔

سوال نمبر۲:۔حضرت محمد نے مل جل کر کام کرنے کا طریقہ کس طرح سمجھایا؟

جواب: آپ نے حجر اسود خانہ کعبہ میں لگانے کے لیے کہا کہ ایک چادر لاؤ۔اس پر حجر اسود رکھا اور ہر قبیلے کے سردار سے کہا کہ اس کا کونا پکڑ لیں۔اس طرح آپنے اس جھگڑے کو ختم کر کے مل جل کے کام کرنے کا طریقہ سمجھایا۔

سوال نمبر۳: آپ نے خدا کے پیغام کے ذریعے انسانوں کو کیا تعلیم دی؟

جواب: آپ نے یہ تعلیم دی کہ خدا ایک ہے۔وہی عبادت کے لائق ہے۔اور محمد اللہ کے رسول ہیں۔پ نے لوگوں کو برائیوں سے روکا۔

سوال۴: اللہ کا پیغام لوگوں تک پہنچانے میں آپ کو کیا کیا مصیبتیں برداشت کرنی پڑیں؟

جواب: آپ کو طرح طرح کی مصیبتیں برداشت کرنی پڑیں۔لوگوں کی دھمکیاں جھیلیں۔

سوال:۲حضرت محمد کی زندگی پر ایک پیراگراف لکھیے:

سوال:۳ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

تجارت: میرے والد تجارت کرتے ہیں۔

قبیلہ: محمد قبیلہ قریش سے تھے۔
صلح: میں نے صلح کر لی۔
مساوات: سب کے بیچ مساوات ہونی چاہیے۔
ہجرت: محمد نے مدینہ ہجرت کی۔
اضافہ: علم میں اضافہ کرنا چاہیے۔
تیمارداری: تیمارداری اچھی عادت ہے۔
مزاج پرسی: میں نے اپنے دوست کی مزاج پرسی کی۔

سوال:۴ فعل کی تعریف، اس کی قسموں کے نام اور ہر ایک کی مثالیں لکھیے:
تعریف: وہ لفظ جس سے کسی کام کے کرنے یا ہونے ک اپتا چلے اس کو ''فعل'' کہتے ہیں۔ فعل کی تین قسمیں ہیں۔
فعل ماضی
فعل حال
فعل مستقبل
مثالیں:
میں اسکول گیا تھا۔
میں اسکول جا رہا ہوں۔
میں اسکول جاؤں گا۔